Pakistan Afghanistan Joint Chamber of Commerce and Industry
PAJCCI

پاکستان افغانستان مشترکہ چیمبر آف کامرس
اور صنعت (پی اے جے سی سی آئی)

امن اور حکومتی نظام کے حصے

پاک افغان دو طرفہ اور ٹرانزٹ تجارت

کاروباری ادراک کا سروے

دسمبر ۲۰۱۲

اردو ایڈیشن

امن اور حکومتی نظام کے حصے

پاک افغان دوطرفہ اور ٹرانزٹ تجارت:
کاروباری ادراک کا سروے

پاکستان افغانستان مشترکہ چیمبر آف کامرس اور صنعت (پی اے جے سی سی آئی)
دسمبر 2012

Pakistan Afghanistan Joint Chamber of Commerce and Industry
PAJCCI

اُردو ایڈیشن

محمد زبیر موتی والا

صدر، پی اے جے سی سی آئی

پاکستان' افغانستان مشترکہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا قیام دونوں ممالک کے ہوا کے خوشگوار جھونکے کے مترادف ہے۔ موجودہ سیاسی تناؤ اور حساس ثقافتی مسائل کے باوجود' دونوں ممالک کے کاروباری نمائندوں نے باہمی رضامندی سے نجی سطح پر دونوں ممالک کے کاروباری طبقوں کو قریب لانے کی کوشش کی ہے اس عمل کو اسلامی جمہوریہ افغانستان اور اسلامی جمہوریہ پاکستان نے تسلیم کیا ہے۔

اس سرحد پار معاہدہ کا بنیادی مقصد نہ صرف ایشیا اور وسطی ایشیا کے علاقوں میں معاشی منظر کو تبدیل کرنا بلکہ امن کے مقاصد کو تقویت دینا ہے۔ چیمبر میں تجارت وصنعت کے ممبران کو شامل کیا گیا جس کا مقصد دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری' ٹیکنالوجی کی منتقلی' نئے تجارتی مواقعوں کی تلاش اور باہمی مفاد کے میدانوں اور دونوں ممالک کی عالمی سطح پر مثبت امیج بنانا ہے۔

اس بات پر باہمی طور پر اتفاق ہوا تھا کہ اس پلیٹ فارم کو نہ صرف تجارت سے متعلق مسائل کو احسن طریقے سے حل کیا جائے گا بلکہ اعلیٰ سطح پر متعلقہ حکومتوں دوطرفہ سیاسی تعلقات دونوں ممالک کی حکومتوں کے عظیم مفاد میں لائحہ عمل دینا ہے۔ اس منفرد چیمبر کے بانی صدر کی حیثیت سے یہ میری بھرپور کوشش ہوگی کہ تمام اسٹیک ہولڈرز کے مابین دیرینہ مسائل کو بہتر طریقے سے نمٹا جائے اور دونوں قوموں کے عظیم تر مفاد میں دونوں جانب کی سرحدوں کے کاروباری طبقے کو سہولیات فراہم کرنا ہے۔ یہ چیمبر دونوں برادرانہ قوموں کے درمیان تجارتی تعلقات کو بہتر بنانے کے لئے خدمت انجام دے گا بغیر کسی غیر متعلقہ سیاسی یا ثقافتی دباؤ کے اس کو قبول کرے۔ دوطرفہ باہمی مقاصد کے حصول کے لئے اس چیمبر کو مزید بہتر بنانے کے لئے میں بڑی خوش دلی سے تمام اسٹیک ہولڈرز کی جانب سے فیڈ بیک اور تعاون کو خوش آمدید کروں گا۔ اس پہلے اہم سال میں ایگزیکٹیو باڈی کے اراکین کی جانب سے مجھ پر اس چیمبر کی رہنمائی کے لئے اعتماد کرنے پر بھی شکر گزار ہوں۔ مجھے بھرپور امید ہے کہ اس باڈی کے اراکین دوطرفہ مسائل کو کم کرنے اور پاکستان اور افغانستان کے درمیان تعلقات بہتر بنانے میں اپنا موثر کردار بہتر طریقے سے ادا کریں گے۔

خان جان الکوزئی

شریک صدر، پی اے جے سی آئی

پاکستان ہمارا مسلم برادر ملک ہے۔ افغانستان کا پاکستان کے ساتھ 2000 کلومیٹر سے زائد سرحد' اسی طرح مذہب' تاریخ' ثقافت اور زبان کا بھی اشتراک ہے۔ پاکستان 18 ویں صدی سے افغانستان کے لئے رسد کا راستہ رہا ہے۔ پاکستان اور افغانستان قدیم شاہراہ ریشم پر اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ افغانستان پاکستان کو وسطی ایشیا ممالک کے ساتھ منسلک کرنے کے لئے سب سے اہم راستہ ہے وسطی ایشیا کے ممالک 60 ملین لوگوں کی آبادی کے ساتھ افغانستان کے سائز سے دوگنا توانائی کے ساتھ پاکستان ایشیا کے لئے ایک مارکیٹ بن سکتے ہیں۔ آج پاکستان جو کچھ بھی غذائی اشیاء سے لے کر فارموسٹیکل اور تیار مصنوعات آج پیدا کرتا ہے اس کے لئے افغانستان ایک مارکیٹ کی حیثیت رکھتا ہے۔

یہ بہت ضروری ہے کہ دونوں ممالک کو ایک چھت کے تلے لایا جائے جو دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت اور تعلقات کو بہتر بنائے۔ PAJCCI کا قیام دونوں ممالک کو مختلف شعبوں میں جوڑنے کے لئے ایک اہم قدم ہے۔ PAJCCI سرحد کے پار تجارت کو بہتر سہولیات فراہم کرنے اور کاروبار تک رسائی' سرمایہ' درآمد اور برآمد کے لئے مدد کرے گا۔ میری رائے ہے کہ چھوٹے مسائل جو دوطرفہ سرکاری رکاوٹوں کے باعث حل نہیں کئے جاسکتے' وہ PAJCCI کی چھتری تلے ہماری باہمی کاوشوں کے تحت حل ہو جائیں گے۔ میں سرحد کے دونوں پار کے کاروباری طبقوں سے چاہوں گا کہ وہ اس عمل میں تعاون کریں جو ہم نے دونوں ممالک کے درمیان بہتر کاروباری تعلقات اور معاشی ترقی کے لئے اٹھایا ہے۔

دیباچہ

پاکستان اور افغانستان رسمی و غیر رسمی دونوں طرح کی تجارت کی ایک طویل تاریخ کے حامل ہیں۔ دوطرفہ رسمی تجارت حالیہ برسوں میں بڑھ رہی ہے۔ یہ تجارت 01-2000 میں 170 ملین امریکی ڈالر تھی جو بڑھ کر 12-2011 میں 2450 ملین امریکی ڈالر ہے تجارت کا توازن واضح طور پر پاکستان کے حق میں ہے۔

2010ء میں پاکستان اور افغانستان کے درمیان نیا ٹرانزٹ معاہدہ موجودہ جغرافیائی سیاسی ماحول میں دونوں ممالک کے لئے بڑی سفارتی کامیابی تصور کیا جاتا ہے تاہم استحکام کو یقینی بنانے، آپریشن اور سرحد پار تجارت اور سرمایہ کاری سے متعلق کچھ مشکلات درپیش ہیں۔ ان مسائل سے نمٹنے کے لئے برطانوی ہائی کمیشن اور مرکز برائے بین الاقوامی پرائیویٹ انٹرپرائز (سی آئی پی ای) یو ایس اے کے تعاون سے پاکستان۔افغانستان مشترکہ چیمبر آف کامرس وصنعت (پی اے جے سی سی آئی) قائم کیا گیا اس منفرد ادارے نے فروری 2012ء میں اپنے آپریشن شروع کئے۔

پاکستان۔افغانستان مشترکہ چیمبر آف کامرس وصنعت (پی اے جے سی سی آئی)، کراچی چیمبر آف کامرس وصنعت (کے سی سی آئی)، چمن چیمبر آف کامرس وصنعت (سی سی سی آئی)، خیبر پختونخوا چیمبر آف کامرس وصنعت (کے پی سی سی آئی) اور افغانستان چیمبر آف کامرس وصنعت (اے سی سی آئی) کا مشترکہ تعاون ہے۔ مشترکہ چیمبر کے موجودہ صدر جناب محمد زبیر موتی والا جبکہ خان جان الکوزئی شریک صدر ہیں۔

دیگر معاملات کے ساتھ مشترکہ باڈی کا مقصد کاروباری معاملات میں سہولت بہم کرنے کے ساتھ دوطرفہ تجارت کو دگنا کرنا ہے۔ چیمبر تجارت کی حمایت و اصلاحات سرحد پار تجارت کے لئے نئے مواقعوں کی نشاندہی کرنے اور پاکستان اور افغانستان کی فرموں کو متعلقہ ممالک میں سرمایہ کاری کے لئے حوصلہ افزائی کرے گا۔ یہ سروے سرحد پار کاروباری طبقے کے درمیان تعمیری معاملات کی طرف پہلا قدم ہے۔ رپورٹ دوطرفہ تجارت کے رجحان اور APTTA معاہدے کے بعد ہونے والی حالیہ بہتری پر مختصر روشنی ڈالتی ہے۔ اس اسٹڈی میں پاکستان اور افغانستان دونوں ممالک کے بڑے کاروباری حضرات، مالکان اور سرکاری افسران کی آراء نے بہت اہم کردار ادا کیا ہے اس مقصد کے لئے چون گہرائی رکھنے والے روبرو انٹرویوز افغانستان (قابل، قندھار اور جلال آباد) اور پاکستان (پشاور، چمن اور کراچی) میں منعقد کئے گئے۔ یہ امید کی جاتی ہے کہ یہ رپورٹ دوطرفہ تجارت کے فروغ کے لئے قابل بھروسہ بنیادیں فراہم کرے گی اور اس کے ساتھ دونوں ممالک کی کاروباری برادریوں کے خدشات کا بھی تدارک کرے گی۔

ڈیولپمنٹ پول، اس کی ٹیم، اس کے سربراہ جناب علی سلمان اور جناب شعیب رحمان جمالی اور کابل میں ہم منصب ریسرچ کوآرڈینیٹر جناب بصیر بی ٹا کے تمام مشکلات کے باوجود اس رپورٹ کو تیار کرنے کے لئے ہم ان سب کے شکر گزار ہیں۔

فہرست

دیباچہ ٦
پاکستان۔افغانستان تجارت: رجحانات ۱۰
کاروباری طبقے کے خیالات ۱۴
غیر رسمی تجارت ۱٦
افغانستان کے لئے ٹرانزٹ تجارت: نئی راہیں ۱۷
APTTA2010 پر افغانستان سے خیالات ۱۷
ٹرانزٹ میں مسابقت ۱۸
APTTA کے بعد: ردعمل دینے والوں کے خیالات ۲۰
تجارتی سہولیات ۲۱
انفرااسٹرکچر کا موازنہ ۲۱
حکومتی مسائل ۲۱
کیوں پاکستان اور افغانستان توازن تخلیق کر سکتے ہیں ۲۲
امن اور حکومتی نظام کے حصے ۲۳
سفارشات ۲۴
PAJCCI کے لیے سفارشات ۲۴
حکومتوں سے مطالبے ۲۴
حوالہ جات ۲۵
Annexure-I ڈیٹا ٹیبلز ۲۷
Annexure-II ڈیٹا اور تجزیے کے طریقہ کار پر ایک نوٹ ۳۰
Annexure-III پاک افغان ٹرانزٹ تجارت: ایک تاریخ ۳۳
Annexure-IV ردعمل دینے والوں کی فہرست ۳۵

اعداد و شمار کی فہرست

اعداد و شمار 1 پاک افغان تجارت میں رجحانات ۱۰

اعداد و شمار 2 پاکستان کی برآمدات افغانستان کے لیے ۱۱

اعداد و شمار 3 افغانستان کو برآمدات کرنے والے ممالک ۱۳

اعداد و شمار 4 افغانستان کو برآمدات کی مرکوزیت ۱۳

اعداد و شمار 5 پانچ سرفہرست افغان برآمدات کی منزلیں ۱۴

اعداد و شمار 6 افغانستان کے لئے ٹرانزٹ تجارت کی راہداریاں ۱۸

ٹیبلز کی فہرست

ٹیبل 1 پاک افغان دوطرفہ تجارت ۱۰

ٹیبل 2 افغانستان: دنیا اور پاکستان سے درآمدات ۱۲

ٹیبل 3 سرفہرست تجارتی اشیاء پر کاروباری طبقے کے خیالات ۱۵

ٹیبل 4 ٹرانزٹ تجارت معاہدوں میں تقابل ۱۷

ٹیبل 5 ٹرانزٹ تجارت میں مسابقت ۱۸

اختصارات

اے سی سی آئی:	افغانستان چیمبر آف کامرس اور صنعت
اے ڈی این ایس:	افغانستان نیشنل ڈیولپمنٹ اسٹراٹیجی
اے پی ٹی ٹی اے:	افغانستان پاکستان ٹرانزٹ ٹریڈ ایگریمنٹ 2010ء
اے ایس وائی یو ڈی اے:	آٹومیٹڈ سسٹم فار کسٹم ڈیٹا
اے ٹی ٹی اے:	افغان ٹرانزٹ ٹریڈ ایگریمنٹ 1965ء
سی سی سی آئی:	چمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری
سی ایس او:	سینٹرل اسٹیٹکس آرگنائزیشن (افغانستان)
ایچ ایس کوڈ:	ہارمونائزڈ سسٹم کوڈ
کے سی سی آئی:	کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری
کے پی سی سی آئی:	خیبر پختونخواہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری
این ٹی ٹی ایف سی:	نیشنل ٹریڈ اینڈ ٹرانسپورٹ فیسلیٹیشن کمیٹی
پی اے جے سی سی آئی:	پاکستان۔افغانستان جوائنٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری
پی بی ایس:	پاکستان بیورو آف اسٹیٹکس
سی بی پی:	اسٹیٹ بینک آف پاکستان
ٹی ٹی ایف پی:	نیشنل ٹریڈ اینڈ ٹرانسپورٹ فیسلیٹیشن پروجیکٹ
یو این سی ٹی اے ڈی:	یونائیڈ نیشنز کانفرنس آن ٹریڈ اینڈ ڈیولپمنٹ
ڈبلیو ٹی او:	ورلڈ ٹریڈ آرگنائزیشن

پاکستان۔افغانستان تجارت: رجحانات[1]

افغانستان کی دنیا کے ساتھ تجارت میں حالیہ برسوں میں تھوڑی کمی دیکھنے میں آئی ہے۔ جی ڈی پی کی فیصد کے تحت' افغانستان کی درآمدات 2006-07 میں 96 فیصد سے کم ہوکر مالی سال 2007-2010 میں گر کر 55 فیصد ہوگئی ہے۔ اسی طرح ملک کی برآمدات 24 فیصد (جی ڈی پی کی فیصد کے مطابق) 2006 سے 2007-2010[2] کے درمیان 16.5 فیصد تک رہ گئی ہے پاکستان اور اس کی معیشت سے متعلق افغانستان کا بیرونی توازن درآمدات کی طرف بہت زیادہ رہا۔ 2011 میں جی ڈی پی[3] کا 16 فیصد برآمدات جبکہ افغانستان کی آمدنی کی سطح کے مطابق اس کو جی ڈی پی کے مطابق 30 فیصد کے قریب ہونا چاہیے۔ ورلڈ بینک کے مطابق یہ فرق تعمیرات اور بحالی کی کوششوں اور خوراک اور تیل درآمدات پر انحصار کی وجہ سے ہے۔

پاک افغان تجارت

امریکن ڈالر (ملین)	مالی سال 07	مالی سال 08	مالی سال 09	مالی سال 10	مالی سال 11	مالی سال 12
افغانستان کو برآمدات	753	1,151	1,393	1,572	2,335	2,248
افغانستان سے برآمدات	76	91	93	139	172	199
مجموعی تجارت	830	1,242	1,485	1,711	2,507	2,447

ذریعہ : پاکستان بیورو اسٹیٹکس (اصلی میں پاکستان روپے: ایس بی پی کی جانب سے جاری کردہ فاریکس ریٹ میں تبدیل کر دیا گیا)

ٹیبل 1 پاک۔افغان دوطرفہ تجارت

افغانستان کی پاکستان کے ساتھ تجارت ایسی ہی تصویر پیش کرتی ہے۔ پاکستان کے مرکزی بینک ڈیٹا کے مطابق' پاکستان کا افغانستان کے ساتھ مالی سال 2012ء[4] میں تجارت 1.55 بلین ڈالر زیادہ تھی۔ پاکستان بیورو آف اسٹیٹکس کی جانب سے ڈیٹا تھوڑی مختلف تصویر دکھاتا ہے جس کے تحت مالی سال 2007ء میں افغانستان کے ساتھ تجارت 677 بلین ڈالر سے مالی سال 2012 میں 2.05 بلین ڈالر ہوگئی (دیکھئے اعداد و شمار 1)[5] دیکھئے Annexure-ii ڈیٹا میں فرق کی وجوہات کے لئے جنھیں مختلف ذرائع نے جاری کیا۔



اعداد و شمار 1 ۔ پاک افغان تجارت میں رجحانات

---

1 یہ حصہ کثیر الجہت ذرائع سے حاصل کردہ ڈیٹا پر ہے (دیکھئے Annexure II ڈیٹا اور طریقہ کار پر نوٹ)

2 World Bank(2012b) 2006-07 ڈیٹا: World Bank میں IMF کا حوالہ (2012a)

3 World Bank(2012a)

4 SBP(2012)

5 اعداد و شمار 1 کو پڑھتے وقت احتیاط کرنی چاہیے۔ جیسا کہ برآمدات (بائیں جانب) اور درآمدات (دائیں جانب) مختلف ہیں۔

افغانستان کی پوزیشن جیسا کہ مالی سال 2008ء سے پاکستان کی نمایاں برآمدات مضبوط حیثیت کی حامل رہی ہیں۔

گذشتہ پانچ سالوں میں افغانستان پاکستان کی سرفہرست پانچ درآمدات کی منزل میں رہا ہے۔ مالی سال 11 میں افغانستان دوسری بڑی منزل برائے درآمدات تھا جب پاکستان کی مجموعی برآمدات کا 7.36 افغانستان جبکہ امریکہ اوورسیز میں پاکستان کی مجموعی برآمدات کا 16.18 فیصد کے حصے کے ساتھ سب سے بڑا خریدار رہا[6]۔ برآمدات کی صورتحال کے تحت افغانستان کی اہمیت تجارتی حصہ دار کی حیثیت سے نہ ہونے کے برابر رہی کیونکہ مالی سال 04 میں پاکستان کی درآمدات افغانستان سے ایک فیصد سے بھی کم رہی۔



اعدادوشمار 2: پاکستان کی برآمدات افغانستان کے لئے

مالی سال 2011ء میں، دنیا سے افغانستان کو درآمدات کی اکثریت درج ذیل اجناس پر مبنی تھی: تیار کنندگان 32.2 فیصد، زراعت 17.4 فیصد اور ایندھن اور کان کنی اشیاء 1.2 فیصد[7]۔

پاکستان سے افغانستان کی درآمدات کی موازناتی درجہ بندی اس کی غیر حاضری سے واضح ہے لیکن درج ذیل سے کچھ راہنمائی حاصل ہوتی ہے[8]۔ سینٹرل اسٹیٹکس آرگنائزیشن افغانستان کے ڈیٹا کے مطابق افغانستان نے 2011ء میں پاکستان سے 597 ملین امریکی ڈالر کی اشیاء درآمد کیں۔ ان میں سے 27 فیصد سیمنٹ، 6 فیصد خوراک، ڈیزل اور گندم اور گندم کا آٹا ہر ایک چار فیصد درآمد کی گئی۔ جبکہ دوسری اشیاء کی درجہ بندی کی گئی جو 16 فیصد ہے[9]۔ اس کے برعکس، اسی سال کا پی بی ایس کا ڈیٹا ظاہر کرتا ہے کہ پاکستان کی افغانستان کو برآمدات میں سرفہرست کیروسین (قسم جیٹ ایندھن)، افغانستان کو مجموعی برآمدات کا 21 فیصد، سیمنٹ 9 فیصد، دیگر کیروسین 7.7 فیصد، ہائی اسپیڈ ڈیزل 7.5 فیصد اور گندم کا آٹا 6.5 فیصد ہے۔

جبکہ پی بی ایس اور سی ایس او کے ذرائع فیصد اور تعداد میں اختلاف رکھتے ہیں تاہم تصویر ایک جیسی ہی ہے۔ پاکستان افغانستان کو دنیا بھر سے تیار کنندگان کی فروخت میں قابل ذکر حصہ دار نہیں ہے اس کا کردار فارمنگ اور ایندھن اور کان کنی کی اشیاء میں قابل ذکر کردار ہے۔ خاص کر پاکستانی برآمدات افغانستان کے لئے تعمیری شعبے اور گھریلو استعمال کی اشیاء ہیں۔

---

6 SBP(2012)

7 WTO(2012)

8 دیکھئے Annexure-II ڈیٹا اور طریقہ کار پر نوٹ

9 CSO(2012)

سرفہرست اشیاء میں پاکستان نے افغانستان کی کیروسین مارکیٹ[10] پر مالی سال 2012 میں مکمل تصرف رکھا' سی ایس او کے ڈیٹا کے مطابق افغانستان کی مجموعی سیمنٹ کی درآمدات میں اس کا تناسب 81 فیصد رہا[11]۔ افغانستان کو خوراک کی برآمدات میں' پی بی ایس کا ڈیٹا ظاہر کرتا ہے کہ باسمتی چاول نے افغانستان کو برآمدات کئے جانے والے دیگر معیار کے چاولوں میں برتری رکھی ۔ جسے زیادہ بلند اشیاء کے حوالے سے پڑھا جاسکتا ہے ۔ (دیکھئے : Annexure-I)

گندم اور گندم کے آٹے کی درآمدات میں' پاکستان افغانستان کو درآمد کی جانے والی گندم اور گندم کے آٹے میں 24 فیصد کا حامل رہا۔ سی ایس او کے ڈیٹا کے مطابق قاجکستان (68 فیصد) گندم اور گندم کے آٹے کی درآمدات میں سرفہرست ہے۔ تاہم یہ صورتحال پیچیدہ ہے' یو ایس ایڈ کی 2007ء کی رپورٹ[12] گندم کی فراہمی کے بارے میں بتاتی ہے کہ افغانستان کو 80 فیصد گندم پاکستان سے برآمد کی گئی باقی قاجکستان (از بکستان اور ترکمانستان) اور ایران سے ہوئی۔ رپورٹ میں پاکستانی گندم اور گندم کے آٹے کو افغانی پکانے والوں اور استعمال کرنے والوں نے ترجیح دی ہے۔ گذشتہ چار سالوں میں معاملات بڑے پیمانے پر تبدیل ہوئے ہیں ان معاملات پر تحقیق کی ضرورت ہے۔

حالانکہ پاکستانی برآمدات افغانستان کے لئے واضح طور پر گذشتہ سالوں میں اضافہ ہوا ہے تاہم افغانی درآمدات کی بڑی ٹکٹ فہرست میں برآمدی اشیاء میں اضافہ نہیں ہے۔ درج ذیل ٹیبل 2 پر نظر ڈالنے سے پاکستانی سرفہرست برآمدات نظر آتی ہیں۔۔۔ دنیا سے افغانی درآمدات جیسے کہ گندم کے آٹے اور سیمنٹ بڑھ کر 6 فیصد ہو گئے ہیں۔

مالی سال 12 میں سرفہرست افغانی درآمدات کا تقابلی جائزہ

دنیا سے سرفہرست 7 افغانی درآمدات' سی ایس او ڈیٹا		پاکستان سے سرفہرست 7 افغانی درآمدات' سی ایس او ڈیٹا		پاکستان سے سرفہرست 7 افغانی درآمدات' پی بی ایس ڈیٹا	
ٹی ون تیل	20%	سیمنٹ	16%	پورٹ لینڈ سیمنٹ	12%
کاریں	10%	مختلف قسم کی خوراک	7%	گندم کا آٹا	9%
ڈیزل	7%	گندم اور گندم کا آٹا	6%	سبزی وغیرہ	9%
پیٹرول	6%	پروفائلز	5%	کیروسین قسم کا جیٹ آئل	8%
لوہے کی سلاخیں	4%	سبزی کا تیل	4%	اسٹیل وغیرہ	4%
گندم اور گندم کا آٹا	3%	ڈیزل	4%	کینو تازہ	4%
سیمنٹ	3%	دھات	3%	باسمتی چاول	3%

* سال کی مجموعی درآمدات کا 52 فیصد: میمو : مالی سال 12 میں مجموعی درآمدات 6390 ملین امریکی ڈالر

** سال کی مجموعی درآمدات کا 59 فیصد: میمو: مالی سال 12 میں مجموعی درآمدات 877 ملین امریکی ڈالر

*** سال کی مجموعی درآمدات کا 49 فیصد: میمو: مالی سال 12 میں مجموعی درآمدات 2248 ملین امریکی ڈالر

ٹیبل 2 : افغانستان: دنیا اور پاکستان سے درآمدات

یہاں افغانستان کے ادراک کا ایک تجزیہ دیا جاتا ہے۔ سی ایس او ڈیٹا کے مطابق' مالی سال 2012ء میں پاکستان سب سے بڑا تجارتی پارٹنر رہا اور تجارت کا حجم 1.05 بلین امریکی ڈالر' اس کے بعد روس 837 ملین امریکی ڈالر' از بکستان 765 ملین امریکی ڈالر اور ایران 601 ملین امریکی ڈالر[13] کے ساتھ تھے۔ پاکستان افغانستان میں سب سے بڑا ایکسپورٹر ہے۔ اس نے مالی سال 2012 میں 878 ملین امریکی ڈالر کی اشیاء فروخت کیں جو سی ایس او کے مطابق افغانستان کی مجموعی درآمدات کا 14 فیصد ہے۔

10 نوٹ: پی بی ایس اور سی ایس او کے ڈیٹا میں بہت فرق ہے۔ پی بی ایس کے مطابق پاکستان نے مالی سال 12 میں 179 ملین امریکی ڈالر کا کیروسین آئل ایکسپورٹ کیا جبکہ سی ایس او کے مطابق 38786 امریکی ڈالر کا کیروسین آئل درآمد کیا گیا جو سارا کا سارا پاکستان سے تھا۔

11 پی بی ایس ڈیٹا بتاتا ہے کہ مالی سال 12 میں 260 ملین امریکی ڈالر کا سیمنٹ افغانستان ایکسپورٹ کیا گیا جبکہ سی ایس او کا ڈیٹا مالی سال 12 کے لئے افغانستان کو مجموعی طور پر 170 ملین امریکی ڈالر کا سیمنٹ درآمد کرنا پڑا جس میں سے 81% پاکستان سے اور 18 فیصد ایران سے تھا۔

12 USAID(2007)

13 CSO(2012a)



اعدادوشمار 3۔ افغانستان کو برآمدات کرنے والے مما لک

افغانستان کو ایکسپورٹ کرنے والے تین سرفہرست مما لک کے برعکس پاکستان اور چین کی ایکسپورٹ متنوع ہے۔متنوع تجارتی تعلقات کا مطلب ہے کہ اگر کسی ایک جنس کی فروخت میں کمی ہے تو دوسری جنس کی فروخت میں نفع سے پورا کیا جاسکتا ہے۔ پانچ سرفہرست پاکستانی اور چینی ایکسپورٹ کی اشیاء افغانستان کے لئے ان کی متعلقہ ایکسپورٹ سے 40 فیصد کم ہیں (دیکھئے اعدادوشمار 4)۔دوسرے لفظوں میں پاکستان کی دنیا کو ایکسپورٹ کے برعکس' جہاں مجموعی ایکسپورٹ کا 50 فیصد ٹیکسٹائل اشیاء پر مشتمل ہے' افغانستان کو ملک کی ایکسپورٹ کافی متنوع ہے افغانستان کو ہندوستانی ایکسپورٹ جو سی ایس او کے مطابق چودھویں نمبر ہے وہ ایسی متنوع نہیں ہے جیسی پاکستان اور چین کی ہے۔



اعدادوشمار 4 : افغانستان کو برآمدات کی مرکوزیت

افغانی ایکسپورٹ کے نقطہ نظر سے' پاکستان نے مجموعی افغانی ایکسپورٹ کا 48 فیصد خریدا (مالی سال 12 میں اس کی مالیت 180 ملین امریکی ڈالر تھی)' اس کے بعد ہندوستان اور روس کا نمبر آتا ہے (دیکھئے اعدادوشمار 5) دنیا کو افغانی ایکسپورٹ کی اکثریت بنیادی[14] اشیاء پر ہیں جو کم اہمیت کی حامل ہیں۔

---

[14] World Bank (2012a)

اور پاکستان کو افغانی ایکسپورٹ کے معیار میں کوئی فرق نہیں ہے۔ پاکستان جو افغانستان سے امپورٹ کرتا ہے' جیسا کہ Annexure-I کے ٹیبل 2 میں دکھایا گیا ہے اس میں کوئلہ اور فالتو اسکریپ ہے جو افغانستان مجموعی امپورٹ کا 60 فیصد ہے۔ اس کے برعکس افغانستان کی ہندوستان کو ایکسپورٹ جڑی بوٹیوں اور خشک میوہ جات پر مشتمل ہے۔ پستہ' بادام' خشک انجیر اور کشمش جو مالی سال 12 میں ہندوستان کو افغانی ایکسپورٹ کا 77 فیصد رہا اس کی اہم وجہ آیا کہ افغانی ایکسپورٹ بنیادی اشیاء پر کیوں ہے یہ ہے کہ افغانستان میں تیار کنندگان شعبے میں بنیادی مواد کم ہے اور سامان کی تیاری کے لئے گھریلو پیداوار پر سہولیات کی کمی ہے[15]۔



اعداد وشمار 5: 5 سرفہرست افغان برآمدات کی منزلیں

یہاں یہ بات ضروری ہے کہ سرکاری اعداد وشمار میں بڑا فرق ہے۔ سی ایس او کے ڈیٹا کے مطابق مالی سال 12 میں پاکستان کو افغانی قالین کی ایکسپورٹ 43.5 ملین امریکی ڈالر تھی جو پاکستان کو مجموعی افغانی قالین کی ایکسپورٹ کا 24 فیصد تھی اس کے برعکس' پی بی ایس ڈیٹا ظاہر کرتا ہے کہ پاکستان کو افغانستان کی جانب سے قالینوں اور دیگر ٹیکسٹائل کی امپورٹ اسی سال 0.09 ملین امریکی ڈالر تھی جو کہ کوئی بہتر تعداد نہیں ہے۔

کاروباری طبقے کے خیالات

یہ حصہ دونوں ممالک کے کاروباری طبقے سے حاصل کردہ خیالات پر مشتمل ہے۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ ان کے خیالات مصنفوں یا چیمبر کی نمائندگی کرتے ہوں۔ اس کے بجائے' یہ پاک افغان تجارت میں شامل دونوں ممالک کے کاروباری طبقے کے ادراک کو نمایاں کرنے کے لئے بحث کئے گئے ہیں۔ صحیح یا غلط یہ ادراک مستقبل میں چیمبر کے کام اور پالیسی سازوں کے لئے انتہائی اہم ہیں۔ مثال کے طور پر ٹیبل 3 متعلقہ کاروباری طبقے کے اراکین کے ردعمل پر مبنی ہے جن سے یہ معلوم کیا گیا تھا کہ دونوں ممالک کے درمیان سب سے زیادہ تجارت کی جانے والی کون سی شے ہے۔ ٹیبل 3 میں تقابلی جائزہ اس رپورٹ کا Annexure-I کا حقیقی ڈیٹا یہ بتاتا ہے کہ سرحد کے دونوں پار کاروباری طبقے کو دوطرفہ تجارت کے بارے میں غلط بیانی سے کام لیا گیا ہے۔ اس بات کی ضرورت کو اجاگر کرتا ہے کہ پاک افغان تاجروں کو موجودہ سطح اور تجارتی خطوط کے بارے میں بہتر آگاہی کی ضرورت ہے۔

---

15 World Bank (2012a)

افغان کاروباری طبقہ		پاکستانی کاروباری طبقہ	
افغانستان کو ایکسپورٹ	افغانستان سے امپورٹ	پاکستان کو ایکسپورٹ	پاکستان سے امپورٹ
موٹر سائیکلیں	خشک میوہ جات	صابن پتھر	مشروبات
گوشت	معدنیات	غالیچے	الیکٹرونکس
ہائی جین انڈسٹری	کوئلہ	قیمتی پتھر	گارمنٹس
فارموسیٹکل انڈسٹری	قالین	خشک میوہ جات	پلاسٹک کا سامان، کیمیکل، کھاد
تعمیراتی خدمات		تازہ پھل	لوہا، ٹیکسٹائل، اسٹیشنری
		طبی سامان	فارماسیٹکل

ٹیبل 3۔ سرفہرست تجارتی اشیاء پر کاروباری طبقے کے خیالات
(ذریعہ: پی اے جے سی سی آئی سروے)

افغانی تاجروں کے کئی دلچسپ تجربات ہیں۔ مثال کے طور پر اس حقیقت کے باوجود کہ پاکستان میں پولٹری ایک وسیع صنعت ہے اور لائیو اسٹاک جانوروں کا کافی اسٹاک ہے، ایک افغانی نے کہا کہ وہ تامل ناڈو، ہندوستان سے کابل مرغی کے انڈوں کو امپورٹ کرتا ہے (تفصیل اگلے صفحے پر) یہ بات ظاہر کرتی ہے کہ کچھ زرعی اجناس میں پاکستان اپنے پڑوس کی ضروریات کو پورا کرنے کے قابل نہیں ہے۔

پاکستان میں زیادہ انٹرویو دینے والوں نے افغانستان کو پاکستانی ایکسپورٹ کی شرح میں زبردست توقعات ظاہر کیں۔ سوئی سے لیکر ڈیزل تک، افغانستان کو ہر چیز کی ضرورت ہے اور پاکستان کو اپنے فائدے کے لئے یہ سب فراہم کرنا چاہیے، اس اسٹڈی کا اسکوپ مختلف کٹیگری میں تجارت کے مخصوص عمل کو نمایاں کرنا نہیں ہے۔ مزید برآں، پاکستان اور افغانستان کے درمیان دوطرفہ تجارت کے ممکنہ شعبوں کی نشاندہی کرنا ہے۔ یہ ایک مشکل مرحلہ ہے کہ بالکل حقیقی تصویر کشی کی جائے اس کی وجہ جامع ڈیٹا کی عدم دستیابی اور دستیاب ڈیٹا کی غیر یقینی ہے[16]۔ سرفہرست تجارتی اشیاء کے طریقہ کار پر بحث کی مدد سے درج ذیل اشارے فراہم کئے جاتے ہیں۔

چمن اور کراچی میں انٹرویو دینے والے تعمیراتی کاموں میں اضافے کی توقع کرتے ہیں (بشمول لوہا، اسٹیل، سیمنٹ، لکڑی، سینیٹری، پینٹ، شیشہ اور پلاسٹک) خوراک (خاص کر پروسیڈ کی ہوئی خوراک مثلاً مرغی کا گوشت اور استعمال کے قابل خوراک جیسا کہ بسکٹ، چپس، مشروبات) دیگر گھریلو اشیاء (مثلاً ٹیکسٹائل) اور درمیانے درجے کی ٹرانسپورٹ کے ذرائع (مثلاً موٹر سائیکلیں اور استعمال شدہ کاریں)۔

سی ایس او کے ڈیٹا کے مطابق ان اشیاء میں جیسا کہ موٹر سائیکلیں اور فارموسٹیکل میں پاکستان کو افغانستان کی مارکیٹ میں نمایاں حیثیت حاصل ہے۔ مالی سال 12 میں پاکستان نے افغانستان کی مارکیٹ کی مجموعی موٹر سائیکل ایکسپورٹ کا 43 فیصد کیا، چین نے 27 فیصد اور جاپان نے 20 فیصد کیا، اسی طرح مالی سال 12 میں افغانستان نے جو دوائیں امپورٹ کیں ان کا 54 فیصد پاکستان سے گیا جبکہ ایران اور ہندوستان ہر ایک کا 11 فیصد حصہ تھا[17]۔

[16] دیکھئے Annexure-II برائے مزید تفصیلات
[17] CSO(2012a)

دوسری اشیاء میں، جیسا کہ مرغی کا گوشت اور خشک دودھ میں پاکستان کے پاس ایکسپورٹ بڑھانے کی کافی گنجائش ہے جبکہ سی ایس او کے ڈیٹا کے مطابق مالی سال 12 میں افغانستان کو زندہ مرغی کی ایکسپورٹ میں اکثریتی حصہ (75 فیصد) پاکستان ہی کا تھا۔ مرغی کے گوشت کی ایکسپورٹ میں اس کا حصہ 4 فیصد تھا۔ (80 فیصد) ایکسپورٹ امریکہ نے اور 11 فیصد ایکسپورٹ برازیل نے کی تھی اسی طرح پاکستان نے افغانستان کی مجموعی کریم اور تازہ دودھ کی امپورٹ میں 95-90 فیصد فراہم کی اور افغانستان کی طرف سے امپورٹ کئے جانے والے خشک دودھ میں اس کا حصہ 50 فیصد تھا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ پاکستان میں مرغی کا گوشت فراہم کرنے اور خشک دودھ بنانے والوں کے لئے بڑی مارکیٹ موجود ہے۔

افغان جانب۔ کاروباری طبقے کے اراکین نے رپورٹ کیا ہے کہ افغانی ایکسپورٹ میں اضافے میں سب سے بڑی رکاوٹ کم سطح کی پیداوار ہے۔ دیگر عناصر جو رپورٹ کئے گئے ہیں ان میں افغانستان کی ایکسپورٹ کے سلسلے میں افغان تیار کنندگان کا ٹیکنیکل اسٹاف کی کمی اسی طرح خام مال تک رسائی کا ناقابل بھروسہ ہونا ہے۔ سی آئی پی ای (CIPE) کا 2010ء کا سروے افغانستان کے کاروبار کے سرفہرست تین مسائل میں سے عدم تحفظ اور بجلی کی کمی کو قرار دیتا ہے جبکہ ورلڈ بینک انٹرپرائز سروے 2008ء نے افغانستان کے کاروبار کے چھ سرفہرست مسائل میں بجلی، زمین تک رسائی اور سرمایہ تک رسائی کو قرار دیا ہے[18]۔

تمام افغانی کاروباری حضرات جن سے اس سروے میں انٹرویو کیا گیا انہوں نے دعویٰ کیا کہ اگر پاکستان کے سیاسی مفادات نہ ہوتے تو افغانی ہندوستان سے واہگہ سرحد کے ذریعے امپورٹ کرنے کو ترجیح دیتے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ ہندوستانی اجناس معیار میں پاکستانی اجناس سے بہتر ہوتی ہیں اور انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت پاکستان افغانستان کے کاروبار کو ہندوستان کے ساتھ کرنے پر پابندی عائد نہ کرے۔

غیر رسمی تجارت

اس رپورٹ میں یہ کوشش نہیں کی گئی ہے کہ افغانستان اور پاکستان کے درمیان غیر رسمی تجارت کا مقداری تخمینہ لگائے۔ تاہم چند عمومی تبصرے تخمینے کے طور پر استعمال کئے جاسکتے ہیں۔ زیادہ افراد نے اس غیر رسمی تجارت کا 1.5 بلین امریکی ڈالر سالانہ لگایا ہے۔ پاکستان میں بھی مروجہ رائے مختلف نہیں ہے وہ یہ کہتے ہیں کہ دونوں ممالک کے درمیان غیر رسمی تجارت رسمی تجارت کا کم از کم 50-40 فیصد ہے۔

باکس ا۔ غیر رسمی تجارت

بولٹن مارکیٹ سے تجربہ: (کراچی کی نمایاں ہول سیل مارکیٹ) افغانی تاجر مقامی کاروباری حضرات تک رسائی کرتے ہیں اور انہیں مصالحے، چائے وغیرہ 16-20 فیصد رعایت پر پیشکش کرتے ہیں منطقی نتیجہ ہے کہ وہ APTTA کا غلط استعمال کررہے ہیں۔

ایف ایم سی جی کا تجربہ: ایف ایم سی جی کے منیجر نے بتایا کہ گذشتہ چند سالوں میں اس کی مصنوعات کی فروخت میں پشاور اور کوئٹہ میں اوسط 60 فیصد تھی تاہم جب سے فرم نے اس مصنوعات کو براہ راست افغانستان میں فروخت کرنا شروع کیا ہے تو ان دو شہروں میں اس کی فروخت میں 30-25 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ زور دینے پر اس نے بتایا کہ حالیہ سالوں میں بے انتہا فروخت کی وجہ اس مصنوعات کی غیر رسمی ذرائع سے افغانستان کو فراہمی ہے۔

ذریعہ: پی اے جے سی سی آئی سروے

[18] Cusack & Malmstrom (2010)

افغانستان کے لئے ٹرانزٹ تجارت: نئی راہیں[19]

28 اکتوبر 2010 کو افغانستان اور پاکستان ایک نئے ٹرانزٹ تجارت دور میں داخل ہوئے جس نے پہلے ہونے والے افغانستان ٹرانزٹ تجارت معاہدے 1965 (ATTA) کی جگہ لے لی۔

1965 اور 2010 کے معاہدوں کے درمیان بڑے فرق *	
ATTA 1965	APTTA 2010
پاکستانی ایکسپورٹ کی وسطی ایشیائی ریاستوں تک سہولت کے لئے کوئی شق نہیں	موجودہ وسطی ایشیائی ریاستوں کے پاکستانی ایکسپورٹ کے تفصیلی شق
پاکستان اور افغانستان میں تجارت کے لئے سڑک کے راستوں کی واضح نشاندہی نہ ہونا	تفصیلی طور پر تجارت کے لئے سڑکوں کی ٹرانزٹ پاکستان سے افغانستان اور افغانستان سے وسطی ایشیائی ریاستوں کی نشاندہی کی گئی ہے
افغانستان کی تجارت ہندوستان کے ساتھ بذریعہ واہگہ بارڈر پر کام کیا گیا لیکن حتمی شکل نہیں دی گئی	افغانستان کی ہندوستان کو واہگہ کے ذریعے ایکسپورٹ کی شق کو حتمی شکل دی گئی تاہم ہندوستان کی ایکسپورٹ افغانستان کے لئے واہگہ کے ذریعے اس مرحلے پر اجازت نہیں دی گئی
افغانی ٹرکوں کو پاکستان میں داخلے کی اجازت نہیں دی ابتدائی طور پر تجارت پاکستان ریلویز کے ذریعے بعدازاں نیشنل لاجسٹک سیل یا اس کے ذریعے نجی کیمشنڈ ٹرکوں کے ذریعے	افغانی ٹرکوں کو افغان ایکسپورٹ پاکستان کی سمندری بندرگاہوں اور واہگہ تک آنے کی اجازت
افغانستان کی چین تک رسائی براستہ پاک چین سرحد بمقام سوسٹ کے لئے کوئی شق نہیں	افغانستان کو چین کی مارکیٹ تک رسائی براستہ سوسٹ (Sost)
دو بندرگاہ داخلے کے مقام پاکستان میں کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم (1998 میں شامل۔ کراچی میں بھی)	تین بندرگاہ ہیں داخلے کے مقام کے طور پر۔ کراچی بندرگاہ۔ پورٹ قاسم سندھ میں اور گوادر بلوچستان میں
افغانستان کو عبور کرنے کے صرف دو سرحدی مقامات طورخم صوبہ خیبر پختونخواہ اور بلوچستان میں چمن	طورخم اور چمن کے ساتھ تیسرا سرحدی مقام عبور کرنے کے لئے جسے غلام خان کہتے ہیں فاٹا کے علاقے میں (خیبر پختونخواہ صوبے میں) پر اصولی طور پر فیصلہ کر لیا ہے
* ذریعہ: سرکاری معاہدہ کے کاغذات۔PILDAT	

ٹیبل 4 ۔ٹرانزٹ تجارت معاہدوں میں تقابل

APTTA 2010 پر افغانستان سے خیالات

اپنے مشاہدات اور تجربات کی بنیاد پر افغانستان کے زیادہ تر کاروباری طبقے کے اراکین نے کہا کہ APTTA 2010 میں جو تبدیلیاں کی گئیں ہیں جن کا ذکر ٹیبل 4 میں ہے ان پر عمل نہیں کیا جا رہا۔ مثال کے طور پر APTTA 2010 افغانی ٹرکوں کو پاکستانی بندرگاہ اور واہگہ تک جانے کی اجازت دیتا ہے لیکن پاکستان کو ایکسپورٹ کرنے والے تمام افغان ایکسپورٹرز سے اس سروے میں جب انٹرویو کیا گیا تو انہوں نے بتایا کہ افغانی ٹرکوں کو پاک۔ افغان سرحدوں پر روک لیا جاتا ہے اور انہیں اپنی اشیاء پاکستانی ٹرکوں کے ذریعے یا افغانی ٹرکوں میں لے جانے کے لئے انہیں رشوت دینی پڑتی ہے۔ چین تک رسائی براستہ سوسٹ/خنجراب سے متعلق کسی انٹرویو دینے والے نے نہیں کہا کہ اسے چین کو ایکسپورٹ کرنے پاکستانی سرحدوں تک اجازت حاصل ہے۔

19 دیکھئے Annexure-iii پاک افغان ٹرانزٹ تجارت: ایک تاریخ

ٹرانزٹ میں مسابقت

حالانکہ پاکستانی بڑی تعداد میں اشیاء افغانستان کے لئے ٹرانزٹ کرتا ہے۔ افغانستان نے اس قسم کی ٹرانزٹ تجارت کا معاہدہ ایران' تاجکستان' ترکمانستان اوراز بکستان کے ساتھ بھی کرر کھا ہے اعداد وشمار' متعدد مما لک کی جانب سے افغانستان کے لئے ٹرانزٹ تجارت کا اندازہ جیسا کرتا ہے ان ٹرانزٹ معاہدوں پر دستخط افغانستان نیشنل ڈیولپمنٹ اسٹراٹیجی (ADNS) کے تحت ہیں جو افغانستان کو وسطی ایشیاء کے لئے کم ترین فاصلے اور سمندری بندرگاہیں پاکستان اور ایران میں اسی طرح ہندوستان کو علاقے سے منسلک کرتے ہوئے دیکھتا ہے۔



ذریعہ : احمد'وی (این ڈی) APTTA: پلاننگ کمیشن پاکستان کے لئے بریفنگ پیپر

اعدادوشمار 6 : افغانستان کے لئے ٹرانزٹ تجارت کی راہداریاں

پاکستان میں تاجر' ٹرانسپورٹ فرم کے نمائندے اور سرحدی ایجنٹ اس پر اتفاق رائے رکھتے ہیں کہ قریب ہونے کے باوجود پاکستان دوسرے پڑوسیوں کے لئے ٹرانزٹ تجارت سے محروم ہوسکتا ہے کیونکہ بنیادی متبادل ایران بہتر انفرا اسٹرکچر سادہ طریقہ کار' کم قیمت' کم چیک پوسٹ اور کم کرپشن کی پیشکش کرتا ہے۔ٹیبل 6 میں کچھ اہم عناصر کا ذکر جو ایران اور پاکستان کے درمیان افغانستان کو راستہ دینے سے متعلق ہیں۔

عناصر	ایران	پاکستان
کنٹینرز کا سائز اور وزن معیارات	سخت معیار اور حد	نہیں یا غیر معیاری اور کوئی حد نہیں
فزیکل انفرا اسٹرکچر	جدید بندرگاہ اور سڑکوں کو جال سرحد کے ساتھ تعمیر کیا	خستہ حالت ہے
کاروبار میں تعاون کی شق جیسا کہ ٹرک کے مالکان کو سبسڈی	ٹرک کی صفت کو سرمایہ کاری کرنے کے لئے حوصلہ افزائی کے طور پر سبسڈی دی ہے	ایسی کوئی سہولت نہیں
بینکنگ چینلز	بین الاقوامی پابندیوں کی وجہ سے بینکنگ میں غیر یقینی صورتحال	پیشہ وارانہ طور پر ترقی یافتہ خودمختار ڈائریکٹرز، کوئی بین الاقوامی پابندی نہیں

ٹیبل 5 : ٹرانزٹ تجارت میں مسابقت

حقیقت میں، ٹرانزٹ تجارت براستہ چمن حالیہ سالوں میں کافی کم ہوئی ہے۔ اس سلسلے میں چمن کے تاجروں اور کلیئرنگ/ فارورڈنگ ایجنٹ کی رائے ہے کہ ٹرانزٹ تجارت براستہ اسپین بولاک گذشتہ دوتین سالوں میں تقریباً 90 فیصد کم ہوئی ہے۔ 2007-2009 میں اوسط ہر ماہ 2500-3600 کنٹینرز، افغان ٹرانزٹ تجارت براستہ چمن فی الحال ہر ماہ 300-500 کنٹینرز تک آ گئی ہے۔ کئی وجوہات اس سلسلے میں بیان کی گئیں ہیں۔

-- کراچی اور اسی طرح سرحد پر کسٹم میں تاخیر

-- مشترکہ کلیرنس کے اصول جہاں اگر ایک ان وائس میں 150 کنٹینرز ہیں تو یہ مشترکہ کلیئرنس کے عمل سے گزریں گے، خواہ اس کے اگر کسی ایک کنٹینر کو حادثے یا سڑک بند یا کسی اور وجہ سے دیر ہو گئی ہو۔

-- کوئٹہ اور چمن کے درمیان ایف سی اور لیویز فورس کے افسران کی کرپشن جو ہر گزرنے والے تجارتی اور غیر تجارتی سامان پر غیر ضروری فیس چارج کرتے ہیں۔ یہ ''بھتہ فیس'' 2007-2009 میں کئی گنا بڑھ چکی ہے۔ پہلے یہ اوسط فی کنٹینر 500 روپے سے لیکر 2500 روپے تک ہوتی تھی اب فی کنٹینر 10,000 روپے ہوتی ہے۔

-- سڑک کی بری حالت

اس صورتحال نے افغان ٹرانزٹ تاجروں کو مجبور کیا ہے کہ وہ جنوبی افغانستان (قندھار سے ہرات) کہ وہ اپنا کاروبار پاکستان سے ایران کی طرف لے جائیں۔ یہ اس حقیقت کے باوجود ہے کہ افغانی تاجر اپنے ٹرانزٹ مقامات کے لئے پاکستان کو استعمال کرنے پر ترجیح دیتے ہیں کیونکہ اس رسائی میں آسانی محسوس کرتے ہیں اور ان کے قبائلی اور دیگر تاریخی تعلقات[20] ہیں جو ان کی پناہ گزینی کے دور میں قائم ہوئے[21]۔ تاہم ٹرانزٹ تجارت میں تاخیر اور دیگر مسائل نے افغانستان میں زیادہ افراط زر کو جنم دیا ہے، افغانیوں کے پاس دوسرا کوئی راستہ نہیں ہے۔ مالی سال 10[22] اور مالی سال 12[23] میں افغانستان ٹرانزٹ تجارت سے متعلق مسائل کو افراط زر کی بڑی وجہ قرار دیا گیا۔

لہذا افغانستان اس کے ADNS کے مقاصد کو حاصل کرنے کی مدد کو ایک طرف رکھتے ہوئے، ٹرانزٹ تجارت کے مسائل حل کرنا ان دو اہم وجوہات کی بناء پر پاکستان کے مفاد میں ہے۔

1) روزگار میں اضافہ: زیادہ تجارتی سرگرمیوں کا مطلب ہے کہ زیادہ افراد ٹرکنگ، ویئر ہاؤس اور دیگر لاجسٹک معاملات میں ملازمت حاصل کر سکیں گے اسی طرح ٹرانزٹ راستوں میں بندرگاہوں سے جنوب میں پاک افغان سرحد تک

2) افغانستان وسطی ایشیائی ممالک مارکیٹوں کے لئے گیٹ وے ہے اور یہ پاکستان کے مفاد میں کہ وہ افغان ٹرانزٹ تجارت سے متعلق مسائل کو حل کرے اور وہ چاہتا ہے کہ افغانستان بھی پاکستان کی وسطی ایشیائی ٹرانزٹ کو وہی سہولیات بہم کرے۔

---

20 Parto, S; Winters J, et al, (2012)

21 دیکھئے سیکشن: پاکستان اور افغانستان کیوں توازن تخلیق کر سکتے ہیں؟

22 World Bank(2011a)

23 CSO (2012b)

APTTA کے بعد: ردعمل دینے والوں کے خیالات

سرکاری افسران (موجودہ اور سابقہ) جن سے پاکستان میں انٹرویو کئے گئے وہ اس پر یقین رکھتے ہیں کہ APTTA ایک بڑی کامیابی ہے کیونکہ اس سے بہتر سیکورٹی برائے کارگو' چھوٹی موٹی چوریوں میں کمی اور اسی طرح اسمگلنگ میں کمی واقع ہوئی ہے۔ ایک افسر کا خیال ہے کہ APTTA وسطی ایشیاء کے علاقے تک انہی بنیاد پر پھیلایا جانا چاہیے۔

کاروباری حضرات پاکستان میں اس بات پر متفق ہیں کہ APTTA پاکستان کے لئے نقصان ہے۔ موجودہ تجارت کے حجم میں کمی اور اس کے ساتھ واہگہ سرحد کی شمولیت سے کیونکہ واضح طور پر مقامی صنعتوں کے لئے خطرہ ہے۔ ایک ردعمل دینے والے نے بتایا کہ تقریباً 105 فرم کلیئرنگ/ بارڈر ایجنٹ کی بونڈیڈ ٹرانسپورٹ کی وجہ سے بند کی جا چکی ہیں۔

افغانستان کی طرف سے APTTA افغان تاجروں کے لئے جزوی ریلیف لیکر آیا ہے لیکن انہوں نے دعویٰ کیا کہ انشورنس گارنٹی کے شامل (جائزہ لی گئی اشیاء کا 1.1 فیصد) ہونے سے پاکستان میں پہنچنے والی اشیاء کی لاگت میں اضافہ ہوا ہے۔ پاکستانی گزرگاہوں پر گارنٹی کی وصولی افغانستان میں ٹرانزٹ کی جانے والی امپورٹ ڈیوٹی کہ جو اشیاء کی اہمیت پر لگائی گئی ہو کہ برابر سے افغانی امپورٹرز برہم ہیں۔

جیسا کہ APTTA نے افغانستان کو براستہ واہگہ ہندوستانی مارکیٹوں تک رسائی دی ہے' افغانی تاجروں کا مطالبہ ہے کہ پاکستان ہندوستانی اشیاء کو اس راستے کے ذریعے افغانستان آنے کی اجازت دے۔ بڑھتی ہوئی عدم تحفظ کی صورتحال نے شپنگ کمپنیوں کے کنٹینرز کے جمع کروانے کی ضروریات میں اضافہ کر دیا ہے جبکہ شپنگ کمپنی خالی کنٹینرز کو واپس کرنے کے لئے 7 فری دن کی اجازت دیتی ہیں حالانکہ عملی طور پر ایک کنٹینر کو مکمل طور پر واپس آنے میں 20 دن کا وقت لگتا ہے۔ اگر اشیاء بونڈیڈ کنٹینرز کے ذریعے گم ہو جائیں تو حکومت کسٹم ڈیوٹی کے برابر بینک گارنٹی لیتی ہے لیکن افغان تاجر جس کی اشیاء گم ہو جاتی ہیں وہ بغیر انشورنس کے رہ جاتا ہے۔

